| دستخط نگران کار | مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی | Booklet Serial No. |
|---|---|---|

پی ایچ ڈی (اسلامک اسٹڈیز) انٹرنس ٹسٹ۔ 2023

PhD (Islamic Studies) Entrance Test - 2023

Question paper cum Answer script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

ہال ٹکٹ نمبر

OMR Serial No.

For Office Use

---

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (اسلامک اسٹڈیز) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2023

PhD (Islamic Studies) Entrance Test - 2023

Question paper cum Answer script پرچہ سوالات مع جوابی بیاض

For Office Use

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (8) صفحات پر مشتمل ہے۔اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

## (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

-1 تحقیقی مقالہ کن خصوصیات کا حامل ہوتا ہے۔
(A) قطعیت
(B) وضاحت
(C) یکسانیت
(D) تینوں صحیح ہیں

-2 بنیادی تحقیق کو۔۔۔بھی کہا جاتا ہے۔
(A) اطلاقی تحقیق
(B) عملی تحقیق
(C) خالص تحقیق
(D) مذکورہ تینوں

-3 تحقیق کا ابتدائی کام ہوتا ہے۔
(A) مفروضہ سازی
(B) عنوان کا انتخاب
(C) مواد کی فراہمی
(D) غور وفکر کرنا

-4 ایک محقق سے مطلوب ہے۔
(A) آراء کو نقل کرنا
(B) جانبدار ہونا
(C) غیر جانبدار اور انصاف پسند ہونا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

-5 ذیل میں سے کون ابتدائی ماخذ نہیں ہے۔
(A) مشاہدہ
(B) عدالتی ریکارڈس
(C) سروے
(D) عمومی انسائیکلوپیڈیا

-6 تحقیق کا مقصد ہوتا ہے۔
(A) کسی حقیقت کو نمایاں کرنا
(B) کسی نئی دریافت تک رسائی حاصل کرنا
(C) A&B دونوں غلط ہیں
(D) A&B دونوں صحیح ہیں

-7 بیانیہ تحقیق کسے کہتے ہیں۔
(A) جس تحقیق میں کسی چیز کی حقیقت حال کو بیان کیا جاتا ہے
(B) جس تحقیق میں دو طرح کے اسالیب کے درمیان موازنہ کیا جاتا ہے
(C) A &B دونوں صحیح ہیں
(D) ان میں سے کوئی صحیح نہیں ہے۔

-8 مواد کی جمع آوری کا اہم ذریعہ ہے۔
(A) مشاہدہ
(B) انٹرویو
(C) A&B دونوں صحیح ہیں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

9- مفروضہ بے معنی ہوجاتا ہے۔

(A) اگر محقق کسی مکتبہ کے مخطوطات کی فہرست تیار کرر ہا ہو
(B) کسی موضوع پر کتابیات مرتب کرر ہا ہو
(C) اگر محقق کوئی اشاریہ بنار ہا ہو
(D) تینوں صحیح ہیں

10- اچھے مفروضہ کی خصوصیت ہوتی ہے۔

(A) واضح اور مدلل ہو
(B) مبہم ہو
(C) خیالی ہو
(D) غیر حقیقی اور غیر عملی ہو

11- رسم ورواج کو جاننے کے لئے موثر ذریعہ ہے۔

(A) اخبار کی رپورٹ
(B) انٹرویو
(C) مشاہدہ
(D) مذکورہ تینوں

12- کسی فوری اور عملی مسئلہ کو حل کرنے سے متعلق تحقیق ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے۔

(A) میعاری تحقیق
(B) مقداری تحقیق
(C) نظریاتی تحقیق
(D) عملی تحقیق

13- تحقیق کے بنیادی عناصر میں شامل نہیں ہے۔

(A) مسئلہ تحقیق کی حدود کی شناخت
(B) جدت وتخلیق
(C) مصادر ومراجع کی دستیابی
(D) تعلیمی شعبہ سے منسلک ہونا

14- تحقیق میں ایک بنیادی تعمیری ڈھانچے کی حیثیت رکھتا ہے۔

(A) تحقیقی مواد کا حصول
(B) مفروضہ
(C) تحقیق کا خاکہ
(D) مسئلہ تحقیق کی شناخت

15- محقق کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے۔

(A) روایت پسندی
(B) سچی لگن
(C) صبر وضبط
(D) قوت مشاہدہ

16- اطلاقی تحقیق کا اصل مقصد ہوتا ہے۔

(A) عملی حل کو تلاش کرنا
(B) علم کی توسیع کرنا
(C) نظریہ کو فروغ دینا
(D) مواد جمع کرنا

17- دو مختلف متغیرہ کے درمیان تعلق کو قائم کرتا ہے۔

(A) مسئلہ تحقیق
(B) مشاہدہ
(C) مفروضہ
(D) ان میں سے کوئی نہیں

18- تحقیق کا اصل مقصد ہے؟

(A) تحریر جمع کرنا
(B) حقائق کی تلاش کرنا
(C) نیا نتیجہ پیش کرنا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

19- تحقیق میں کتابیات کتنی اہم ہے؟

(A) لازمی اور ضروری ہے
(B) ضرورت نہیں ہے
(C) اختیاری ہے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

20- تحقیق اور تدوین میں کیا تعلق ہے؟

(A) یکساں ہیں
(B) تحقیق میں تدوین شامل ہے
(C) تدوین میں تحقیق شامل ہے
(D) علاحدہ ہیں

21- ان میں سے کون سی بات تحقیق میں شامل ہے؟

(A) تصنیف کتاب
(B) طباعت واشاعت
(C) جمع وترتیب
(D) سبھی

22- تحقیق کی خصوصیت ہے۔

(A) مسئلہ کا ہونا
(B) یہ سبب واثر کا مطالعہ ہے
(C) دونوں صحیح ہیں
(D) دونوں غلط ہیں

23- تحقیق کے ذریعہ سائنٹفک انداز میں سوالوں کے جواب تلاش کرنا ہے۔

(A) یہ تحقیق کی تعریف ہے
(B) مقصد تحقیق کا بیان ہے
(C) مفروضہ تحقیق ہے
(D) ان میں سے کوئی نہیں

24- تحقیق کی رو سے احادیث رسول علم کی کون سی قسم ہے؟

(A) عقلی علم
(B) روایتی علم
(C) مستند علم
(D) تجرباتی علم

25۔ ذیل میں سے صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے۔

(A) البتانی۔کیمیاء
(B) اصطخری۔جغرافیہ
(C) عبدالرحمٰن صوفی۔طب
(D) ابن خلکان۔فقہ

## Section -II (Concerned Subject)

### Islamic Studies اسلامک اسٹڈیز

-26 قیران السعدین کس کی تصنیف ہے؟

(A) ضیاء محمد بلخی
(B) ضیاءالدین برنی
(C) امیر خسرو
(D) محی الدین کاشانی

-27 لودھی حکومت کا آخری حکمراں تھا۔

(A) بہلول لودھی
(B) سکندر لودھی
(C) ابراہیم لودھی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

-28 شیرشاہ سوری اور ہمایوں کے درمیان لڑی گئی مشہور جنگ کا نام بتایئے۔

(A) ترائن
(B) چوسا
(C) خانوا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

-29 آصف جاہی ریاست کی بنیاد کس نے ڈالی؟

(A) میر قمرالدین
(B) میر نظام علی خان
(C) مرشد قلی خان
(D) شجاع الملک

-30 برہان الدین غریب کس صوفی سلسلہ سے وابسطہ تھے؟

(A) قادری
(B) چشتی
(C) سہروردی
(D) نقشبندی

-31 ذیل میں سے ابن یونس کس علم سے متعلق ہیں؟

(A) علم حیاتیات
(B) علم فلکیات
(C) علم طب
(D) علم کیمیاء

-32 ابراہیم بن محمد حلبی نے اپنی کتاب 'ملتقی الابحر' کس عہد میں لکھی۔

(A) فاطمی
(B) سلجوقی
(C) ایوبی
(D) عثمانی

-33 'فوائد الفواد' کے مرتب کا نام بتایئے؟

(A) خواجہ باقی باللہ
(B) نظام الدین اولیاء
(C) امیر خسرو
(D) امیر حسن علاء سجزی

-34 سلجوق حکومت کا آخری دارالسلطنت کون سا شہر تھا؟

(A) قاہرہ
(B) رے
(C) مرو
(D) ہمدان

35- ابوالمسک کافور کا تعلق کس حکومت سے تھا؟

(A) اخشیدی　(B) سامانی

(C) اغلبی　(D) مملوک

36- ان میں سے کون سی حکومت شیعہ مسلک سے متعلق نہیں ہے؟

(A) آل بویہ　(B) ادریسی

(C) مملوک　(D) فاطمی

37- صفاری سلطنت کے بانی کا نام بتائیے۔

(A) یعقوب بن لیث　(B) طاہر بن حسین

(C) عبداللہ بن طاہر　(D) اسمعیل بن احمد

38- مرابط حکومت کی بنیاد کس نے رکھی؟

(A) ابوبکر بن عمر　(B) یحیٰ بن عمر

(C) یوسف بن تاشفین　(D) ابن تومرت

39- حلیۃ الاولیاء کے مصنف کا نام بتائیے۔

(A) ابن بطہ　(B) ابونعیم

(C) ابوالفرج اصفہانی　(D) ابن حبان

40- بالفور اعلان کس سن عیسوی میں عمل میں آیا؟

(A) 1927　(B) 1918

(C) 1919　(D) 1917

41- جنگ نمارق کس خلیفہ کے دور میں ہوئی؟

(A) حضرت عثمان غنی　(B) حضرت ابوبکر صدیق

(C) حضرت عمر فاروق　(D) حضرت علی

42- سرالاسرار ومظہر الانوار کے مصنف کا نام بتائیے۔

(A) عبدالقادر جیلانی　(B) نظام الدین اولیاء

(C) معین الدین چشتی　(D) امام اوزاعی

43- عبدالرحمان کواکبی کس نظریہ کے حامی تھے؟

(A) ترک قومیت　(B) اشتراکیت

(C) عرب قومیت　(D) جمہوریت

44- جہاں سوز کسے کہا جاتا ہے؟

(A) محمود غزنوی (B) علاء الدین حسین

(C) الپ ارسلان (D) ارطغرل

45- اورنگ زیب کی قبر ہندوستان کے کس شہر میں واقع ہے؟

(A) خلد آباد (B) آگرہ

(C) فتح پور سیکری (D) دہلی

46- نھضۃ العلماء کس ملک کی تحریک ہے؟

(A تونس (B) ملیشیاء

(C) انڈونیشیاء (D) ان میں سے کوئی نہیں

47- سلسلہ شاذلیہ کے بانی کا نام بتائیے۔

(A) سید احمد الشاذلی (B) شیخ بہاء الدین زکریا

(C) ابوالحسن الشاذلی (D) نجم الدین الشاذلی

48- سنوسی تحریک کا پہلا دفتر کہاں قائم ہوا؟

(A) مکّہ (B) قاہرہ

(C) اسماعیلیہ (D) جغبوب

49- محمد بن تغلق کے ذریعہ کس سن عیسوی میں دولت آباد کو دارالسلطنت بنایا گیا؟

(A) 1358 (B) 1328

(C) 1368 (D) 1318

50- حسین احمد مدنی کس سن عیسوی میں جمعیۃ علماء الہند کے صدر بنے؟

(A) 1981 (B) 1940

(C) 1975 (D) 1950

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

## Islamic Studies اسلامک اسٹڈیز

(4 X 5 = 20 marks) چاروں سوالات کے جواب لکھیے:

(Research Methodology)

-1 تحقیق کی اہم اقسام کی تفصیل بیان کیجئے۔

-2 سماجی علوم میں تحقیق کی نوعیت واہمیت پر روشنی ڈالیئے۔

(Subject Concerned)

-3 اسلام کے نظریہ امت پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

-4 اسلام کے تصور خلافت پر روشنی ڈالیئے۔